# تاندلیانوالہ شوگر ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کیلئے کمپنی کے حصص داران کا 31 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ منگل 18 فروری 2020ء بوقت 10:00 بجے چاندنی بینکوٹ ہالز 43۔این، گلبرگ-III، لاہور میں منعقد کیا جارہا ہے۔

1- مورخہ 04 اکتوبر 2019ء کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے نکات کی توثیق

2- مورخہ 30 ستمبر 2019ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کیلئے سالانہ آڈٹ فنانشل سٹیٹمنٹس اور ان کے حوالے سے آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری

3- سال 2020-2019ء کیلئے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز یو ایچ وائے حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے ریٹائرمنٹ کے بعد بطور اہلیت کے حامل اپنی خدمات کی فراہمی کی دوبارہ سے پیشکش کی ہے۔

4- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مختص کردہ کمپنی کے 7 عدد ڈائریکٹرز کی مورخہ 2 مارچ 2020ء سے عرصہ تین سال کیلئے تعیناتی۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام حسب ذیل ہیں:

1- مسٹر غازی خان 2- مسٹر اکبر خان 3- مسٹر ہارون خان 4- مسٹر ہمایوں اختر خان
5- مسز رشیدہ بیگم 6- مسز مبینہ اکبر خان 7- مسٹر طاہر فاروق ملک

5- چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی

بحکم بورڈ

لاہور
27 جنوری 2020ء

احمد جہانزیب خان
(کمپنی سیکرٹری)

### نوٹس

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 10 فروری 2020ء تا 18 فروری 2020ء (بشمول دونوں دنوں) برائے استحقاق، سالانہ اجلاس عام میں ووٹ ڈالنے اور شمولیت کیلئے بند رہیں گی۔ اجلاس میں شرکت کیلئے مورخہ 09 فروری 2020ء تک کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگ آرکیڈ، K-1، کمرشل ایریا ماڈل ٹاؤن، لاہور میں فزیکل ٹرانسفرز/سی ڈی ایس ٹرانزیکشنز آئی ڈی ایس وصول ہو جانی چاہئیں۔

2- اجلاس ہذا میں شمولیت اور ووٹ کا حقدار ممبر اپنی جگہ پر بطور پراکسی کسی دیگر ممبر کو بھی اپنی جگہ پر اجلاس میں شمولیت اور ووٹ دینے کیلئے تعین کر سکتا ہے۔ اس مقصد کیلئے مستند پراکسی فارم اجلاس ہذا کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 66۔ایل، گلبرگ-II، لاہور میں وصول کئے جائیں گے۔

3- کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اجلاس میں کسی کو اپنے نمائندہ کو طور پر بھی نامزد کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں نامزد کئے جانے والے شخص کی کاغذات نامزدگی اجلاس سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کو موصول ہو جانے چاہئیں۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندگان کو اس مقصد کیلئے ضروری دستاویزات ہمراہ لانا ہوں گے۔

4- اس اجلاس میں شمولیت اور ووٹ دینے کے حقدار سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) کے کسی انفرادی مالک کو اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شمولیت کنندہ آئی ڈی نمبر ہمراہ لانا ہوگا اور یہ کہ پراکسی کی صورت میں اپنے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔

5- ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ڈاک کے پتہ میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

20x2

Daily Pakistan 28.01.2020
Lahore - Karachi